گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 28 جولائی 2025

آب وہوا کے حوالے سے تشویش عروج پر: ہر 10 میں سے 7 (69%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ دنیا بھر میں زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔

دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد(66%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (76%) میں اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح زیادہ پائی گئی۔



برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ ز مین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے ؟

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Co.

پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

متفرق/دیگر مسائل

موسمیاتی تبدیلی

آب وہوا کے حوالے سے تشویش عروج پر: ہر 10 میں سے 7 (69%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ دنیا بھر میں زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (66%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (76%) میں اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح زیادہ پائی گئی۔

(گیلپ& گیلانی سروے)

(اسلام آباد)، 28 جولائی 2025

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی ایک بڑی اکثریت (69%) اس بات سے متفق ہے کہ دنیا بھر میں زمین کا درجہ حرات بڑھ رہا ہے، جو کہ اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ پاکستانی عوام میں ماحولیاتی تبدیلی کا شعور بڑھ رہا ہے۔ صرف 15% جوابدہندگان اس بات سے غیر متفق ہیں کہ زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، جبکہ دیگر 15% کا کہنا ہے کہ اُنہیں اس حوالے سے کچھ بھی معلوم نہیں ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں 69% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے بہت زیادہ متفق ہیں کہ زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، 15% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے غیر متفق ہیں، جبکہ 15% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اس بات سے کس حد تک متفق ہیں کہ زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے؟"



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج: شہری علاقوں میں رہنے والے افراد موسمیاتی تبدیلیوں کو زیادہ تسلیم کرتے ہیں، جن میں 76% اس بات سے متفق ہیں کہ دنیا بھر میں زمین کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں اس حوالے سے شرح 66% پائی گئی۔ جبکہ اس کے برعکس اس بات سے غیر متفق رائے رکھنے والوں کی شرح شہری جوابدہندگان (17%) کی نسبت دیہی جوابدہندگان میں زیادہ (12%) پائی گئی۔ شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان اس بات سے زیادہ لاعلم دیکھائی دیئے (اس بات سے لاعلم ہونے کی شرح دیہی علاقوں میں 17%، اور شہری علاقوں میں 11% پائی گئی)۔



Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

اس سروے کے نتائج سے یہ پتا چلتا ہے کہ اگرچہ پاکستان میں زیادہ تر پاکستانی موسمیاتی تبدیلی پر یقین رکھتے ہیں، لیکن دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان میں اب بھی شکوک و شبہات یا لاعلمی زیادہ پائی جاتی ہے، اس لیے ان علاقوں میں خاص طور پر آگاہی مہمات کی ضرورت ہے۔ پالیسی ساز، میڈیا اور اساتذہ اس معلومات کو استعمال کرکے مقامی سطح پر ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے منصوبے بنا سکتے ہیں، تاکہ معاشرے کا ہر طبقہ موسمیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کی کوششوں میں شامل ہو سکے۔

Opinion Poll from Gallup Pakistan
The Pakistani Affiliate of Gallup International

GILANI RESEARCH FOUNDATION

Monday, 28th July 2025

(3 Pages, Urdu version only)

Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.

Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.

If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.

Best Regards,
Gallup Pakistan

Disclaimer: *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:

Official Website: www.gallup-international.com
Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

celebrating 45 years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)